سوال

(163) مقیم کر مسح کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب آدمی نے مقیم ہوتے ہوئے مسح کیا ہو، پھر سفر شروع کردے تو کیا اس صورت میں وہ مسافر والا مسح پورا کر سکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب آدمی نے مقیم ہوتے ہوئے مسح کیا ہو پھر سفر شروع کردے تو وہ مسافر والا مسح ہی مکمل کرے۔ اس مسئلے میں یہی قول راجح ہے۔ اگرچہ کچھ اہل علم نے کہا کہ وہ مقیم والا مسح پورا کرے لیکن راجح وہی ہے جو ہم نے عرض کیا۔ کیونکہ سفر شروع کرنے سے پہلے ان کی مسح کرنے کی مدت باقی تھی، اور سفر شروع کردیا تو اس پر مسافر کا حکم ثابت ہوگیا، لہذا تین دن رات مسح کر سکتا ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق آتا ہے کہ وہ ایسے آدمی کے متعلق پہلے یہی کہا کرتے تھے کہ وہ مقیم والا مسح پورا کرے، لیکن بعد میں مذکورہ بالا قول کی طرف رجوع کرلیا تھا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 190

محدث فتویٰ